# رہائش

# HABITATGE

**Bona tarda - Bon dia - Hola**

ہیلو ۔ صبح کا سلام ۔ شام کا سلام

**Adéu - A reveure - Fins demà**

کل ملیں گے ۔ پھر ملیں گے ۔ خدا حافظ

**Tarda - Migdia - Matí**

صبح ۔ دوپہر ۔ شام

**D'aquí a tres dies - Demà passat - Demà - Avui**

آج ۔ کل ۔ کل صبح ۔ اب سے تین دن پہلے

**Diumenge - Dissabte - Divendres - Dijous - Dimecres - Dimarts - Dilluns**

سوموار ۔ منگل ۔ بدھ ۔ جمعرات ۔ جمعہ ۔ ہفتہ ۔ اتوار

**La setmana passada - Aquesta setmana - La setmana vinent**

آنے والا ہفتہ ۔ موجودہ ہفتہ ۔ پچھلا ہفتہ

**El mes vinent - Aquest mes - El mes passat**

پچھلا مہینہ ۔ موجودہ مہینہ ۔ آنے والا مہینہ

**De res - Moltes gràcies - Gràcies - Si us plau**

برائے مہربانی ۔ شکریہ ۔ بہت بہت شکریہ ۔ کوئی بات نہیں

**Em va bé - Sí - D'acord**

میں متفق ہوں ۔ٹھیک ۔ مجھے منظور ہے

**No em va bé - No puc - No**

نہیں ۔ میں نہیں کر سکتا ۔ مجھے منظور نہیں

**M'ho pot repetir? - No ho entenc - Ho sento**

معاف کیجئے گا ۔ مجھے سمجھ نہیں آئی ۔ کیا آپ اپنی بات دوہرا دیں گے ۔؟

**M'ho pot lletrejar?**

کیا آپ اس لفظ کے جوڑ کر کے بتا دیں گے۔؟

**M'ho pot apuntar?**

کیا آپ مجھے یہ لکھ دیں گے۔؟

**Més tard - Més aviat**

بہت جلد - بہت دیر بعد۔ کچھ دیر بعد

**Al fons - A l'esquerra - A la dreta**

دائیں جانب - بائیں جانب - سب سے آخر میں

**Loft - Apartament - Casa - Pis - Habitatge**

رہائش - مکان - گھر - اپارٹمنٹ - بڑا اپارٹمنٹ

**Pis de lloguer - Pis de compra**

خریدا ہوا مکان - کرایہ کا مکان

**Pis compartit - Lloguer d'habitacions**

کمرے کرایہ کیلئے - مکان مل کر رہنے کیلئے

**Despatx - Local comercial - Botiga**

دکان - کمرشل جگہ - دفتر

**Baixos**

نیچے والا حصہ

**Entresòl**

نیچے والے حصوں سے اوپر والی منزل

**Principal**

پہلی منزل کے نیچے والا حصہ

**Primer pis - Primera planta**

پہلی منزل - پہلا مکان

**Segon pis... - Segona planta**

دوسری منزل - دوسرا مکان

**Sobreàtic - Àtic**

سب سے اوپر والی منزل - اوپر والی منزل کا اوپر والا حصہ

**Terrat**

بلڈنگ کی چھت

**Antena parabòlica - Antena de televisió**

ٹیلی ویژن کا انٹینا - ڈش انٹینا

**Soterrani**

تہہ خانہ

**Traster**

فالتو سامان رکھنے کا کوارٹر

**Celobert - Pati interior**

اندرونی صحن - کھلی جگہ

**Escala**

سیڑھیاں

**Replà de l'escala**

سیڑھیوں کا گیرا حصہ

**Esglaó**

سیڑھی کا ایک قدم

**Barana**

برآمدہ

**Ascensor**

لفٹ

**Porteria**

بلڈنگ کا مین گیٹ

**El porter o la portera**

گیٹ پر موجود ملازم یا ملازمہ

**El porter automàtic**

آٹو میٹک دروازہ

**Bústia**

لیٹر بکس

**Comptador d'aigua, d'electricitat, de gas**

پانی۔بجلی۔گیس کے میٹر

**Instal·lació d'aigua, d'electricitat, de gas**

پانی۔بجلی۔گیس کی انسٹالیشن

**Clau general de pas**

پائپ کا مین پانی روکنے کی جگہ

## حادثات سے بچاؤ اور رہائش گاہ میں حفاظت کیلئے مفید مشورے

## CONSELLS PER A LA SEGURETAT A LA LLAR I COM EVITAR ACCIDENTS

اگر ہم کچھ دنوں کیلئے گھر سے باہر جا رہے ہیں تو بہتر ہوگا کہ پانی۔بجلی۔گیس کی مین لائن کو بند کر دیں

ہر روز گھر کو آدھے گھنٹے کیلئے ہوا لگنے دیں۔اس طرح سے ہم نمی اور عجیب سے بو سے محفوظ رہیں گے

گھر کی دیواروں کو نمی سے بچانے کیلئے بہتر ہوگا کہ ہم سال میں کم از کم ایک دفعہ غسل خانہ اور باورچی خانہ کے پائپ کو چیک کر لیں

گٹر کو بند ہونے سے بچانے کیلئے بہتر ہوگا کہ ٹھوس چیزیں۔رنگ و روغن۔سیمنٹ یا دوسری مصنوعات اس میں نہ بہائیں جو بعد میں سخت ہو جاتی ہیں اور گٹر بند ہونے کا خطرہ ہوتا ہے

گیس کیلئے جالی کا لگانا لازمی ہے۔تاکہ ہوا دار رہے۔اس کو کبھی بھی بند نہیں کرنا چاہیے اور ان کے سامنے فرنیچر یا دوسرا سامان وغیرہ نہیں رکھنا چاہیے

اگر گھر میں گیس کی بو آ رہی ہو تو ہمیں چاہیے کہ کسی قسم کی ماچس ۔لائٹر وغیرہ نہ جلائیں ۔ہمیں چاہیے کہ کھڑکیاں کھول دیں اور گیس کمپنی کو فون کریں

ہر پانچ سال بعد گیس کے پائپ فٹنگ کا چیک اپ کروانا لازمی ہے ۔مالک مکان سے پوچھنا ضروری ہے کہ آخری دفعہ کب چیکنگ ہوئی تھی

بجلی سے چلنے والے آلات کا سوئچ اتار دیں اگر آپ ان کو استعمال نہیں کر رہے

ایک ہی سوئچ میں بہت سی چیزوں کے سوئچ نہیں لگانا چاہئیں ۔اس طرح سے شارٹ سرکٹ ہونے اور آگ لگنے کا خطرہ ہے

بچوں کو بجلی کے سوئچ کو ہاتھ نہ لگانے دیں ۔اس طرح سے انہیں کرنٹ لگنے کا خطرہ ہے۔سوئٹ کو ڈھانپنے کیلئے سپیشل ڈھکن بنائے جاتے ہیں انہیں استعمال کرنا بہتر ہوگا

اگر کسی کو کرنٹ لگا ہوا ہو تو ہمیں اس کو نہیں چھونا چاہیے ۔ہمیں فوری طور پر مین سوئچ بند کرنا چاہیے

اگر ہم نے جوتے نہیں پہن رکھے یا ہمارے ہاتھ پاؤں گیلے ہیں تو سوئچ کو ہاتھ نہیں لگانا چاہیے

ہیٹر کبھی بھی پردوں یا جلدی آگ پکڑنے والی اشیا کے پاس نہیں ہونا چاہیے

اگر بجلی چمک رہی ہو تو ہمیں ٹیلی ویژن انٹینا کی تار اتار دینا چاہیے

بستر کے اوپر سگریٹ نوشی اور موم بتی جلانے سے پرہیز کریں

کبھی بھی ہنڈیا چولہے پر رکھ کر اسے بھولنا نہیں چاہیے ۔کھانا پکانے کے دوران اگر کہیں آگ لگ جائے تو اس پر پانی نہ ڈالیں ۔گیس کو بند کر کے گیلے کپڑے یا ڈھکن سے اسے بند کر دیں

## آتشزدگی کی صورت میں

ہمیں فوری طور پر فائر بریگیڈ کو مطلع کرنا چاہیے

کبھی بھی لفٹ استعمال نہیں کرنا چاہیے

گھر سے نکلتے وقت دروازے بند کرتے جائیں

بہتر ہوگا کہ گیلا کمبل اوڑھ لیں

اگر مکان میں دھواں بھر جائے تو ہمیں فوری فرش پر لیٹ جانا چاہیے کیونکہ دھواں اوپر ہوتا ہے اور نچلے حصے میں آکسیجن موجود ہوتی ہے